Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

ZIYARAT · KUFA

Merits

فضیلت

Be it known to you that Kufa city is one of the four cities chosen by Allah (s) exclusively. It is narrated that the word Tur-sinin (95:2) mentioned in the Holy Qur'an is an indication of this city. According to another narration, this city is the sanctuary of Allah (swt), the Holy Prophet (s), and Imam Ali (a), and to give one dirham as alms in this city is equal in rewarding to giving 100 dirhams at other places, and to offer a 2 rakat namaz there is equal in rewarding to offering a 100 rakat namaz at other places.

جاننا چاہیے کہ کوفہ ان چار شہروں میں سے ایک ہے جن کو حق تعالیٰ نے پسند فرمایا اور طور سینین سے تعبیر کیا ہے روایت میں آیا ہے: وہ چار مقامات حرمِ خدا حرمِ رسولؐ اور حرمِ امیر المومنینؑ ہیں کہ ان جگہوں میں ایک درہم صدقہ کرنا کسی اور مقام پر سو درہم صدقہ کرنے کے برابر ہے اور ان شہروں میں دو رکعت نماز سو رکعت کے برابر شمار ہوتی ہے۔

It is also one of the four places where a traveler is free to perform the obligatory namaz either in the complete form or in the shortened form (qasr). The reward of performing one obligatory namaz at Masjid Kufa is equal to the reward of going on one acceptable hajj and equal to the reward of performing 1000 namaz at other places.

مسجدِ کوفہ کی فضیلتیں بہت زیادہ ہیں تاہم اس کی فضیلت میں یہی کافی ہے کہ مسجدِ کوفہ ان چار مسجدوں میں سے ایک ہے کہ جہاں فیض و برکت حاصل کرنے کے لئے جانا مناسب ہے۔ نیز یہ ان چار مقامات میں سے ایک ہے کہ جہاں مسافر کو قصر اور تمام نماز پڑھنے میں اختیار ہے اور وہاں ایک فریضہ نماز ایک حج مقبول اور اس ایک ہزار نماز کے برابر ہے جو کسی اور جگہ بجا لائی جائے۔

In Masjid Kufa, according to narrations, all Prophets offered prayers, and the Awaited Imam (a) will also offer prayer therein. In this connection, a hadith reads that 1000 Prophets and 1000 successors of Prophets offered prayers in Masjid Kufa. Moreover, some narrations may hint that this mosque is preferred in merits to the Holy Mosque in Jerusalem (Masjid Aqsa).

اور روایتوں میں آیا ہے: مسجدِ کوفہ انبیاء کرامؑ اور قائم آل محمدؐ کا مقامِ نماز ہے۔ ایک روایت میں آیا ہے: یہاں ایک ہزار پیغمبروں اور پیغمبروں کے ایک ہزار اوصیاء نے نماز پڑھی۔ بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ مسجدِ کوفہ بیت المقدس کی مسجد اقصیٰ سے افضل ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Ibn Qawlawayh has reported Imam Baqir (a) as saying, “If people were to realize the favors that they may attain when they visit Masjid Kufa, they should certainly travel to it from remote countries. One obligatory prayer in this mosque is equal in reward to (the reward of) one time of admitted hajj, and to offer a supererogatory prayer in this mosque is equal in reward to (the reward of) one admitted ‘umrah.”

ابن قولویہؒ نے حضرت امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: اگر لوگوں کو مسجدِ کوفہ کی فضیلت معلوم ہوجائے تو پھر وہ دور دور کے مقامات سے سفر کر کے اس مسجد میں آئیں، آپ نے یہ بھی فرمایا: اس مسجد میں ادا کردہ فریضہ نماز حجِ مقبول کے اور نافلہ نماز عمرہ کے برابر ہے۔ ایک روایت کے مطابق مسجدِ کوفہ میں ادا کی جانے والی فریضہ اور نافلہ نماز اس حج و عمرہ کے برابر ہے جو رسول اللہؐ کے ساتھ بجا لائی گئی ہو۔

Shaykh Kulayni, as well as other scholars, has reported on the authority of our master reporters that Imam Ja’far Sadiq (a) asked Harun ibn Kharijah, “What is the distance between your house and Masjid Kufa? Is it one mile?” “No,” answered Harun, “It is less than that.” The Imam (a) asked, “Do you then perform all your prayers there?” “No, in fact” answered Harun.

شیخ کلینیؒ نے اپنے اساتذۂ کرام کے واسطے سے ہارون ابن خارجہ سے روایت کی ہے کہ امام جعفر صادقؑ نے مجھ سے ارشاد فرمایا: اے ہارون! تمہارے گھر اور مسجدِ کوفہ کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟ آیا ایک میل ہوگا؟ میں نے عرض کی: نہیں حضور۔

The Imam (a) commented, “Had I been present in the precinct of that mosque, I would have never missed any prayer that I can perform there. Do you know the merits of that place? All Prophets and virtuous saints offered prayers in Masjid Kufa, including the Holy Prophet Muhammad (s). When he was taken to the heavens, Archangel Gabriel said to him, ‘Muhammad, do you know where you are now? You are now opposite to the mosque of kufa.’ The Holy Prophet (s) thus asked permission from his Lord to visit the mosque and offer a 2 rakat namaz. He was thus permitted.

حضرتؑ نے فرمایا: کیا تم اپنی تمام نمازیں وہاں پڑھتے ہو؟ میں نے کہا: نہیں، آپ نے فرمایا: اگر میں مسجدِ کوفہ کے نزدیک رہتا ہوتا تو میں توقع کرتا ہوں کہ وہاں میری ایک نماز بھی نہ چھوٹتی کیا تم جانتے ہو کہ اس مسجد کی فضیلت کیا ہے؟ کوئی عبد صالح اور پیغمبر ایسا نہیں گزرا مگر یہ کہ اس نے یہاں نماز ادا کی ہے یہاں تک کہ جب شبِ معراج رسولؐ کو لے جا رہے تھے تو جبرائیلؑ نے آپ سے عرض کی: کیا آپ کو معلوم ہے کہ اس وقت آپ کس جگہ پر ہیں؟ اس وقت آپ مسجدِ کوفہ کے سامنے سے گزر رہے ہیں اس وقت آپؐ نے فرمایا: خدائے تعالیٰ سے اجازت مانگو تاکہ میں وہاں جا کر دو رکعت نماز ادا کروں، تو جبرائیلؑ نے حق تعالیٰ سے اجازت طلب کی اور اس نے اجازت عطا فرمائی لہٰذا آنحضرتؐ وہاں اترے اور دو رکعت نماز ادا کی۔

Free to read, copy and share

Verily, the right side of this mosque is a garden of Paradise, the middle of it is a garden of Paradise, and the back of it is also a garden of Paradise. To perform an obligatory prayer there is equal in reward to performing 1000 namaz (at other places). To offer a supererogatory prayer therein is equal in reward to offering 500 namaz. To sit there without reciting or saying any devotional statement is considered worship. If people were to realize the merits of visiting this place, they would certainly come to it, even crawling." Finally, in the word of some narrations, the right side of this mosque is more favorable than its left side.

بے شک اس مسجد کے دائیں طرف جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اس کے درمیان میں اور اس کے عقب میں [پیچھے] بھی جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے بے شک اس میں ایک واجب نماز ہزار نمازوں کے برابر ہے اور ایک نافلہ نماز پانچ سو نمازوں کے برابر ہے اور اس میں بغیر تلاوت و ذکر صرف بیٹھنا بھی عبادت ہے اگر لوگوں کو اس کی فضیلت کا علم ہو جائے تو وہ دنیا کے گوشے گوشے سے چل کر وہاں آئیں اگرچہ بچوں کی طرح گھٹنوں کے بل ہی کیوں نہ چلنا پڑے۔ ایک اور روایت میں وارد ہوا ہے: مسجد کوفہ میں ادا کردہ واجب نماز حج کے برابر اور ایک نافلہ نماز عمرہ کے مثل ہے۔ حضرت امیرؑ کی ساتویں زیارت کے ذیل میں بھی اس مسجد کے متعلق اشارہ ہو چکا ہے، بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ مسجد کا داہنا حصہ اس کے بائیں حصے سے افضل و اعلیٰ ہے۔

Printed from https://fzic.org/library/ziyarat/merits-3080 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.